ज्ञानसेवा तु साफल्यम्

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے - ۳۰

'STARS' پروجیکٹ کے تحت

# مجموعی قدر پیمائی - ۲ : ۲۴-۲۰۲۳ء

## جماعت : پانچویں - مضمون : اُردو (زبانِ اوّل)

طالب علم کا نام : .................................................... حاضری نمبر : [ ]

اسکول کا نام : .................................................... فریق : ....................

مرکز : .................... تعلقہ .................... ضلع .................... تاریخ : ....../....../۲۰۲۴

سوالات اور آموزشی ماحصل کے لحاظ سے نمبرات کے اندراج کی جدول (عملی/ زبانی اور تحریری جانچ کے لیے)

| آموزشی ماحصل | 05.04.01 | 05.04.09 | 05.04.03 | 05.04.04 | 05.04.10 | 05.04.02 | 05.04.11 | 05.04.08 | 05.04.15 | عملی/زبانی نمبرات | تحریری نمبرات | کل نمبرات | دستخط معلم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوال نمبر | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱ تا ۲ | ۳ تا ۹ | ۱ تا ۹ | |
| حاصل کردہ نمبرات | | | | | | | | | | | | | |
| مختص نمبرات | 05 | 05 | 05 | 03 | 13 | 07 | 03 | 03 | 06 | 10 | 40 | 50 | |

## حصہ اوّل : زبانی جانچ

سوال ۱ : درج ذیل اقتباس کی بلند خوانی کیجیے۔ **(05)**

کدّو بھی کیا ترکاری ہے۔ اس کے دو نام ہیں : ایک کدّو، دوسرا لوکی۔ لوکی اچھی ہوتی ہے جبکہ کدّو اچھا ہوتا ہے لیکن دونوں کا مزہ ایک سا ہوتا ہے۔ کدّو کی قسمیں بھی دو ہیں۔ لمبا کدّو جسے یا تو کھڑا رکھنا پڑتا ہے یا ٹوکری میں لٹانا پڑتا ہے۔ لیٹا ہوا کدّو ایک لمبے قد کے بچے کی طرح دِکھائی دیتا ہے جو پالنے میں سو رہا ہو۔ لمبے کدّو بیٹھ نہیں سکتے کیونکہ اُن کے گھٹنے نہیں ہوتے کہ موڑے جاسکیں ۔ جس طرح لمبے کدّو بیٹھ نہیں سکتے اسی طرح بیٹھنے والے کدّو کھڑے نہیں ہوسکتے کیونکہ یہ فٹ بال کی طرح گول مٹول ہوتے ہیں اس لیے صرف لڑھک سکتے ہیں۔ فٹ بال میں ہوا بھری ہوتی ہے اور کدّو میں گودا بھرا ہوتا ہے۔

سوال ۲ : اپنی پسندیدہ نظم سنائیے۔ **(05)**

## حصہ دوم : تحریری جانچ

سوال ۳ : درج ذیل مکالمہ پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔ (05)

دیہاتی : (زور سے بڑبڑاتے ہوئے) نہ جانے کہاں آ کر پھنس گیا ہوں۔ کوئی ڈھنگ کا آدمی ملتا ہی نہیں، سب اپنے کاروبار میں اُلجھے ہوئے ہیں۔ آخر کس سے پوچھوں؟

(ایک شخص چشمہ لگائے ہوئے سامنے سے گزرتا ہے)

دیہاتی : (آواز لگاتے ہوئے) بھائی صاحب! کیا آپ میری بات سنیں گے؟

چشمے والا : (غصّے سے دیہاتی کی طرف دیکھ کر) کیوں نہیں! کیا میں بہرا ہوں جو نہیں سنوں گا؟

دیہاتی : (کچھ گھبرا کر) جی نہیں ..... میرا مطلب یہ نہیں تھا۔

چشمے والا : تو پھر کیا مطلب تھا تمھارا؟

دیہاتی : جی، میں آپ سے ایک پتا پوچھنا چاہتا ہوں۔

چشمے والا : پتا پوچھنے کے لیے کیا میں ہی ملا ہوں تمھیں؟ کیا میں کوئی پوسٹ مین ہوں؟

دیہاتی : معاف کرنا بھائی، غلطی ہوگئی۔

(چشمے والا بڑبڑاتا ہوا چلا جاتا ہے۔ دیہاتی پھر اِدھر اُدھر دیکھنے لگتا ہے)

دیہاتی : یہ تو چلا گیا، اب کیا کروں؟

(سامنے سے ایک نوجوان کان میں ایئرفون لگائے ہوئے آتا ہے)

دیہاتی : اس نوجوان سے پوچھتا ہوں۔ پڑھا لکھا معلوم ہوتا ہے۔ (زور سے پکارتا ہے) اے بھائی، ذرا سننا تو....

نوجوان : (ایئرفون کو کان سے ہٹا کر) کیا ہے؟

دیہاتی : بھائی، مجھے کچھ پوچھنا ہے۔

نوجوان : پوچھیے ....جلدی پوچھیے۔ میری ٹرین کا وقت ہو رہا ہے۔

دیہاتی : بھائی.... میں مرزا شرف الدین سے ملنے آیا ہوں۔ وہ.....

ا) اوپر دیا گیا مکالمہ پڑھ کر بتائیے ذیل کے جملے کس نے کہے؟ (02)

کس نے کہا

الف) میری ٹرین کا وقت ہو رہا ہے۔ ..............................................

ب) میں مرزا شرف الدین سے ملنے آیا ہوں۔ ..............................................

۲)  صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(02)**

الف)  اوپر دیے گئے مکالمے میں کتنے لوگوں کے درمیان بات چیت ہوئی؟

۱) دو  ۲) تین

۳) چار  ۴) پانچ

**جواب:** ..............................................................................................................................................

ب)  نوجوان ...................... ہٹا کر بات کرتا ہے۔

۱) موبائل  ۲) فون

۳) ایئرفون  ۴) چہرہ


**جواب:** ..............................................................................................................................................

۳)  ایک جملے میں جواب لکھیے۔ **(01)**

بڑبڑاتا ہوا کون چلا جاتا ہے؟

**جواب:** ..............................................................................................................................................

**سوال ۴ :**  نظم 'موبائل' کی مدد سے اس کی خصوصیات کا خاکہ مکمل کیجیے۔ **(03)**




**سوال ۵ :**  ہدایت کے مطابق عمل کیجیے۔ **[13]**

**الف)** جملے کی قسم پہچانیے۔ **(02)**

۱)  آپ نے کیسے یاد فرمایا؟  (فجائیہ جملہ / سوالیہ جملہ)  ..............................

۲)  ارے واہ! ہم جیت گئے۔  (فجائیہ جملہ / سوالیہ جملہ)  ..............................

ب) نیچے دیے ہوئے الفاظ کی ضد لکھیے۔ (02)

۱) عقلمند × ..........................................

۲) دوست × ..........................................

ج) خط کشیدہ لفظ کے ہم معنی لکھیے۔ (02)

۱) اتنا بڑا ریلوے اسٹیشن دیکھ کر میں دنگ رہ گیا۔

جواب: ..........................................

۲) وطن کی خاک ہی کو گلستاں بنائیں گے۔

جواب: ..........................................

د) ذیل کے جملے میں فعل اور فاعل پہچانیے۔ (03)

| | فعل | فاعل |
|---|---|---|
| ۱) ناز دوڑی۔ | .......................... | .......................... |
| ۲) احمد نے خط لکھا۔ | .......................... | .......................... |
| ۳) شاکر بیٹھا ہے۔ | .......................... | .......................... |

ہ) دیے گئے جملوں میں خط کشیدہ لفظ کے ضمیر کی قسم پہچانیے۔ (02)

۱) نیک کام میں میری مدد کرو۔ (ضمیر شخصی / ضمیر اضافی)

جواب: ..........................................

۲) اے لوگو! میں تمھارا حاکم بنایا گیا ہوں۔ (ضمیر شخصی / ضمیر اضافی)

جواب: ..........................................

و) درج ذیل جملوں میں محاورے پہچانیے۔ (02)

۱) وہ روزانہ چھٹی کے بعد گھر لوٹتا اور تازہ دم ہوکر محلے کے دورے پر نکل جاتا۔

جواب: ..............................................................................................................................

۲) ابو نے مجھے نئی سائیکل خرید کر دی جس سے میرا دل باغ باغ ہوگیا۔

جواب: ..............................................................................................................................

سوال ٦ : ہدایت کے مطابق عمل کیجیے۔ (07)

الف) جوڑیاں لگائیے۔ (04)

| 'الف' | 'ب' |
| --- | --- |
| ۱) چھترپتی شیواجی ٹرمنس | چرنی روڈ |
| ۲) جوتا گھر | مینار |
| ۳) راجا بائی ٹاور | ریلوے اسٹیشن |
| ۴) مچھلی گھر | کملا نہرو پارک |

(ب) ذیل کے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (03)

۱) مہمان نوازی : ..............................................................................................

..............................................................................................

۲) کم عمری : ..............................................................................................

..............................................................................................

۳) مزیدار : ..............................................................................................

..............................................................................................

**سوال ۷ : علاماتِ اوقاف کا استعمال کرکے ذیل کے جملے دوبارہ لکھیے۔** **(03)**

۱) ارے ارے یہ کیا حالت بنا رکھی ہے

**جواب:** ..............................................................................................................

..............................................................................................................

۲) کیسے تکلیف فرمائی

**جواب:** ..............................................................................................................

..............................................................................................................

۳) ابّا بازار سے انگور کیلے سیب اور انار لائے

**جواب:** ..............................................................................................................

..............................................................................................................

**سوال ۸ : لفظ کے آخر میں 'دان' لگا کر نئے الفاظ بنائیے۔** **(03)**


مثال : پان + دان = پان دان

۱) نمک + ............. = ..........................................

۲) کوڑا + ............. = ..........................................

۳) گل + ............. = ..........................................

سوال ۹ : دی ہوئی تصویر پر چند با معنی جملے لکھیے اور عنوان بھی دیجیے۔ (06)



عنوان : ..............................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

....................................................................................................................................................

■■■